Disclaimer

This Urdu translation is uploaded for the awareness & information of General Public only, and all the Executive and Judicial Authorities/fora should consult the English version of the Gazetted, Khyber Pakhtunkhwa Commerce and Trade Statistics Act, 2022 for reference, examination or decisions under the provisions of the Act ibid.

خیبر پختونخوا اقتصادی اور تجارتی امور کے اعداد و شمار کا قانون مجریہ 2022ء

خیبر پختونخوا 2022 کا قانون نمبر (XXXVI)

گورنر صوبہ خیبر پختونخوا کی منظوری حاصل کرنے کے بعد خیبر پختونخوا کے سرکاری جریدے (غیر معمولی) میں مورخہ ۴ اگست 2022 کو ابتدائی طور پر شائع شدہ ہوا۔

قانون

صوبہ خیبر پختونخوا میں اقتصادی اور تجارتی امور کی ترقی کیلئے اقتصادی اور تجارتی سرگرمیوں سے متعلقہ اعداد و شمار جمع کرنے کی غرض کیلئے مہیا کیا گیا۔

ہرگاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں اقتصادی اور تجارتی امور کی ترقی اور فروغ کیلئے اقتصادی اور تجارتی شعبے سے وابستہ تمام اعداد و شمار جمع کرنے کیلئے ایک جامع نظام، موثر حکمت عملی اور منڈی کو موثر انداز میں چلانے میں حائل تمام پیچیدگیوں اور منڈی کے ممکنہ اہدافی مشکلات کے حل کیلئے ایک بھرپور اور جامع طریقہ کار مہیا ہو۔ لہذا مندرجہ ذیل قانون دفع کیا جاتا ہے۔

باب اول

ابتدائیہ

ا۔ مختصر عنوان، وسعت اور نفاذ۔ یہ قانون خیبر پختونخوا میں اقتصادی اور تجارتی امور کے اعداد و شمار کے قانون مجریہ 2022 کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

2۔ اس قانون کی وسعت پورے خیبر پختونخوا میں ہوگی۔

3۔ یہ قانون فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔

تعریفات۔

(ا) اس قانون میں استعمال شدہ مندرجہ زیل الفاظ / توضیحات جب تک سیاق وسباق سے ہٹ کر کوئی اور معنی نہ ہوں تو وہ بالترتیب وہی معنی رکھتے ہونگے جیسے۔

ا۔ "مجاز افسر" سے مراد اس قانون کی دفع ۳ کی ذیلی دفعہ (۲) کے تحت انتظامیہ اعداد و شمار کی طرف سے مجاز افسر ہے۔

ب۔ "کاروبار / تجارت" سے مراد کوئی شخص / فرد، تاجر، بیوپاری، شراکت دار یا منافع بخش کاروبار اور دیگر تجارتی / کاروباری / سوداگری ادارہ اندراج شدہ یا غیر اندراج شدہ جگہ جو چاہے سطور تقسیم کار، صنعت کار / کارخانہ دار،

برقرار / جاری / بحفاظت رکھنا، ذخیرہ رکھنا، نقل وحمل کیلئے اشیاء کی فروخت اور خدمات یا کسی دیگر کاروباری یا تجارتی سرگرمی میں ملوث / مصروف مراد ہے۔

چ۔ "عدالت" سے مراد خیبر پختونخوا صارفین کے تحفظ کے قانون مجریہ 1997ء خیبر پختونخوا1997ء کا قانون نمبرVI) کی دفعہ 2 کی شق (ڈی ڈی) میں بیان کردہ عدالت مراد ہے۔

د۔ "اشیاء" سے مراد وہ اشیاء جو اشیاء کے فروخت کا قانون مجریہ 1930(1930 کا قانون نمبر III ہے) میں تعریف شدہ ہے۔

ہ۔ "حکومت" سے مراد حکومت خیبر پختونخوا ہے۔

و۔ "مالک" سے مراد ایک کاروبار یا تجارت اور بشمول کاروبار کے منتظم یا دیگر اساسی افسر ہے۔

ز۔ "احاطے" سے مراد کوئی بھی جگہ جہاں کاروبار ہوتا ہو یا ایسے کاروبار سے متعلقہ مواد موجود ہو۔

ح۔ "مقرر کردہ" سے مراد مقرر کردہ بروئے قواعد۔

ط۔ "قواعد" سے مراد اس قانون کے تحت بنائے گئے قواعد ہیں۔

ی۔ "خدمات" سے مراد کسی بھی خدمات کی تفصیل ہے جو کہ ممکنہ صارفین کیلئے دستیاب ہونگے لیکن اس میں مفت خدمات کی فراہمی شامل نہیں ہوگی، اور

ک۔ "شماریاتی انتظامیہ" سے مراد اس قانون کی دفعہ 3 کے ذیلی دفعہ کے تحت شماری انتظامیہ ہے۔

باب دوئم

انتظامیہ اعداد وشمار

3۔ شماریاتی انتظامیہ۔

(1) نظامتِ عمومی صنعت اور تجارت کا ناظم عمومی، انتظامیہ اعداد وشمار / شماریاتی ہوگا۔

(2) انتظامیہ اعداد وشمار / شماریاتی، نظامت عمومی کے کسی بھی دوسرے آفیسر کو عمومی یا خصوصی شرائط کے ذریعے کسی مخصوص علاقے میں مخصوص شرائط سے مشروط اگر کوئی ہوں جو حکم نامے میں مقرر کردہ ہوں کے ساتھ اپنے فرائض کے انجام میں استعمال کر سکتا ہے۔

4۔ انتظامیہ شماریاتی / افسر مجاز کی کار منصبی۔

انتظامیہ شماریاتی / افسر مجاز جیسی بھی صورت درج ذیل امور سرانجام دیں گیں۔

(ا) کاروبار کے اعداد وشمار / شماریات اس قانون کے تحت جمع کرنا۔

(ب) شق (الف) کے تحت جمع شدہ اعداد وشمار کو مرتب اور برقرار رکھنا۔

(چ) کسی بھی کاروبار سے متعلقہ کوئی بھی ایسی معلومات جو جمع کی جانے والی سے کسی بھی طرح سے وابستہ ہو کا مطالبہ کرنا۔

(د) شماریات کے جامع کتابچے کو ایسے مناسب وقفوں میں، جیسے مقررہ کیئے گئے ہوں، میں شائع کرنا؛ اور

(ز) حکومت کی جانب سے کوئی بھی دیگر کام جو مقررہ طریقہ کار پر تفویض شدہ ہو کو سرانجام دینا۔

5۔ معلومات تک رسائی کیلئے نالش کے جاری کرنے کا اختیار وغیرہ۔

(1) شماریاتی انتظامیہ یا افسر جیسی بھی صورت ہو کہی بھی کاروبار / پیشہ / پیشہ ورانہ کام کو مقررہ طریقہ کار کے مطابق مطلوبہ اعداد و شمار کے جمع کرنے کی غرض سے متعلقہ معلومات کی فراہمی کیلئے نالش جاری کرسکتا ہے۔

(2) شماریاتی انتظامیہ یا افسر مجاز جیسی بھی صورت ہو اس قانون کے تحت اعداد و شمار کے جمع کرنے کی غرض سے درج ذیل امور سرانجام دے گا۔

(ا) اس قانون کے تحت کسی بھی کاروبار سے متعلقہ کوئی بھی دستاویز / معلومات یا گوشوارہ تک رسائی۔

(ب) اس قانون کے مقاصد کے حصول کیلئے کسی بھی مناسب وقت اور احاطے جہاں اس کو یقین ہو کہ مطلوبہ دستاویزات ہونگی داخل ہوسکے گا اور ایسی مطلوبہ دستاویزات / معلومات کے مہیا / فراہم کرنے کیلئے کہہ سکے گا اور۔

(ج) اس قانون کے مقاصد کے حصول کیلئے کوئی بھی دستاویز اور مطلوبہ معلومات مقرر کردہ طریقہ کار کے مطابق حاصل کرنا۔

باب سوئم

کاروبار کی ذمہ داریاں

6۔ کاروبار کی ذمہ داریاں:

(1) ہر کاروبار کی یہ ذمہ داری ہوگی کہ تمام شماریاتی معلومات کا مناسب ریکارڈ رکھے گی جیسے کہ:۔

(ا) تشکیل اور ملکیت بشمول اسکے ناظمین کی تفصیل اگر کوئی ہو، وغیرہ۔

(ب) اشیاء کی قیمتیں۔

(ج) فروخت کیلئے پیش کردہ اشیاء اور خدمات۔

(د) اشیاء کا ذخیرہ

(ہ) سرمایہ کاری کی تفصیلات مقامی اور غیر ملکی دونوں۔

(و) اشیاء کی درآمد اور برآمد اور خدمات۔

(ز) ذرائع / توانائی اور کھپت۔ اور

(ح) شماریاتی انتظامیہ یا اسکے افسر مجاز جیسی بھی صورت ہو، کو جب کبھی بھی کوئی دیگر معلومات مطلوب ہو۔

(2) تمام کاروبار انتظامیہ شماریات یا افسر مجاز کو جیسی بھی صورت ہو جب، کبھی مطلوب ہوں کو متعلقہ اعداد و شمار فراہم کرینگے۔

باب چہارم

معائنے اور سزائیں

7۔ معائنے۔

انتظامیہ شماریاتی یا افسر مجاز جیسی بھی صورت ہو اس قانون کی توضیحات کی تعمیل کیلئے مقررہ طریقہ کار کے مطابق کسی بھی احاطے کا معائنہ کر سکتا ہے۔

8۔ سزائیں۔

کاروبار کرنے والے درجِ ذیل کام نہیں کرے گا۔

(ا) اس قانون کے تحت کوئی مطلوبہ ایسی معلومات فراہم کرنے سے انکار۔

(ب) قصداً کوئی ایسی معلومات فراہم کرنا جو اسکے علم میں ہو کہ فراہم کردہ معلومات جھوٹی ہیں۔

(ج) اس قانون کے تحت مطلوبہ کسی بھی ضروری سوال کا قصداً جھوٹا جواب دینا۔

(د) انتظامیہ شماریات یا افسر مجاز کو کاروبار سے متعلقہ کسی بھی اعداد و شمار کی فراہمی میں کوتاہی کرنا۔

(2) جو کوئی بھی ذیلی دفعہ (1) کی دفعات کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو، وہ کم از کم تین دن اور زیادہ سے زیادہ چھ ماہ کی مدت یا بمع کم از کم حد پانچ ہزار روپے اور جنکی حد پانچ لاکھ روپے تک بڑھائی جاسکتی ہے یا دونوں سزاؤں اور جرمانے اور قید کی سزا کا مستوجب ہوگا۔

(3) انتظامیہ شماریات یا افسر مجاز جیسی بھی صورت ہو ذیلی دفعہ 2 کے سزا کے علاوہ اضافی طور پر اس کا کاروبار بند کر سکتا ہے۔

9۔ رکاوٹ کیلئے سزا۔

کوئی بھی شخص جو انتظامیہ شماریات یا افسر مجاز، جیسی بھی صورت ہو جبکہ وہ اس قانون کے تحت اپنے فرائض کی انجام دہی کر رہا ہو اور وہ شخص کسی بھی قسم کی مزاحمت یا رکاوٹ پیدا کرتا ہو تو وہ شخص مجموعہ تعزیرات پاکستان مجریہ 1860 کے (1868 کا XLV) کے متعلقہ دفعات کے تحت سزا کا مستوجب ہوگا۔

باب پنجم

متفرقات

10۔ جرم کی سرزدگی پر عدالت کا اختیار سماعت۔

عدالت، انتظامیہ یا شماریات یا افسر مجاز کی طرف سے شکایت پر جیسی بھی صورت ہو، اس قانون کے تحت کسی جرم کی سرزدگی پر دست درازی کر سکے گی۔

11۔ مالک کا اپنے نمائندے اور ملازمین کے جرم کی بابت مواخزہ ہو گا۔

کاروبار کے دوران جہاں بھی کوئی جب بھی کسی نمائندے / کارندے یا ملازم / نوکر / اہلکار سے سرزد کوئی جرم مالک سے سرزد شدہ سمجھا جائے گا جب تک وہ ثابت نہیں کرتا کہ وہ جرم اسکے علم میں لائے بغیر سرزد ہوا ہو۔

12۔ اس قانون کی دفعات / توضیحات دوسرے / دیگر قوانین پر اثر بالا نہ ہو نگی۔

اس قانون کی دفعات / توضیحات موجودہ رائج الوقت کسی بھی دیگر قوانین کے علاوہ ہونگے اور ان دیگر قوانین سے متصادم / کے برخلاف نہیں ہونگے۔

13۔ قانونی ذمہ داری سے برات۔

انتظامیہ شماریات یا افسر مجاز، جیسی بھی صورت ہو، کے کسی بھی کئے گئے عمل یا نیک نیتی سے کئے گئے فعل کیلئے اس قانون اور اسکے بنائے گئے قواعد کے تحت کوئی مقدمہ یا دیگر قانونی کاروائی نہیں کی جا سکیں گی۔

14۔ قواعد بنانے کا اختیار۔

حکومت اس قانون کی دفعات کو قابل عمل بنانے کی غرض سے سرکاری جریدے میں بذریعہ اعلامیہ قواعد بنا سکتی ہے۔